
محکمہ لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ
حکومت پنجاب

**بلدیہ مستحکم - پنجاب مستحکم**



# سہ ماہی شمارہ

دسمبر 2023 تا فروری 2024

محکمہ لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ
حکومت پنجاب

www.lgcd.punjab.gov.pk | lgcdpunjab | @lgcddpunjab | LG&CD















# ہمارا عزم

محکمہ لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ حکومت پنجاب مقامی سطح پر عوام الناس کے معیار زندگی کو بہتر سے بہتر بنانے میں مصروف عمل ہے۔ اس سلسلے میں محکمہ ایک مربوط نظام اور منصوبہ بندی کے تحت کام کرتے ہوئے بلاتفریق پنجاب کی ہر سطح پر میونسپل سروسز کی فراہمی کو یقینی بنا رہا ہے۔ صاف پانی، ماڈل سڑکیں، نکاسی آب اور صاف ستھرا ماحول ہر سطح پر یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ تعمیراتی اور ترقیاتی منصوبوں پر بھی بھرپور طریقے سے کام کر رہا ہے



ہماری حکومت کا عزم ہے کہ صوبہ پنجاب کی سماجی و اقتصادی ترقی اور عوام کے معیارِ زندگی کو بہتر بنانے کیلئے تمام تر مثالی اقدامات کو یقینی بنایا جائے۔

عوام کو خدمات کی فراہمی اور شفافیت ہمارا نصب العین ہے۔

اس مقصد کے حصول کیلئے حکومتِ پنجاب ایک مربوط نظام اور منصوبہ بندی کے تحت صوبائی سطح پر سہولیات کی بلاتفریق فراہمی کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہے۔ حکومتِ پنجاب کے ویژن کے تحت عوام کو ریلیف دینے اور ان کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنے کیلئے مقامی حکومتوں کی خودمختاری بہت اہم ہے کیونکہ دنیا بھر میں مقامی حکومتیں اپنے ممالک کی تعمیر و ترقی میں بھرپور کردار ادا کر رہی ہیں۔

لوکل گورنمنٹس کی خودمختاری کیلئے قانون سازی ہمارے ویژن کا حصہ ہے۔ اس کے علاوہ دیہی و شہری علاقوں کی بہتری اور ان کی میونسپل سروس سے متعلق انفراسٹرکچر کی ترقی کو ممکن بنانے کیلئے مختلف منصوبوں میں صاف پانی، ماڈل سڑکیں، نکاسی آب اور صاف ستھرا ماحول شامل ہیں۔

**ستھرا پنجاب پروگرام کا آغاز**

اسی سلسلے کی اہم کڑی ہے۔

**محترمہ مریم نواز شریف**
**وزیرِاعلیٰ پنجاب**





وزیرِاعلیٰ پنجاب **مریم نواز شریف** کے ویژن اور ان کی رہنمائی میں پنجاب کے عوام کی خوشحالی و ترقی کے لیے خلوص کے ساتھ ایک نئے سفر کا آغاز کیا جا رہا ہے۔ اس سفر میں حکومت پنجاب کی ترجیحات میں عوامی فلاح و بہبود کے ان گنت منصوبے شامل ہیں ان تمام منصوبہ جات کا بنیادی مقصد عوامی ریلیف اور صوبے کی ترقی ہے۔ محکمہ بلدیات صوبے کی ترقی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے اہم ادارہ ہے۔

بطور وزیر بلدیات شہری و دیہی علاقوں کی صفائی ستھرائی ہو یا پھر نکاسی آب جیسے بنیادی مسائل کا حل ان سب اقدامات کو مقامی سطح پر یقینی بنانا میرے لیے اہم ٹاسک ہے۔

حکومت پنجاب کے ویژن **"ستھرا پنجاب پروگرام"** کے تحت صوبہ بھر میں صفائی مہم اپنے عروج پر ہے۔ محکمہ بلدیات شہری علاقوں کے ساتھ ساتھ دیہی علاقوں کی صفائی ستھرائی پر اپنی خاص توجہ مرکوز کیے ہوئے ہے۔ انشاء اللہ عوامی خدمت کے اس سفر میں ہر ممکن وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے منظم منصوبہ بندی کے تحت محکمہ بلدیات کو مثالی ادارہ بنائیں گے۔

صوبائی وزیر بلدیات

**ذیشان رفیق**

# چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان کا پیغام



"حکومت پنجاب کے ویژن کے مطابق محکمہ لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ عوام کو تمام تر سہولیات کی فراہمی اور ان کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنے کیلئے مصروف عمل ہے۔ اس سلسلے میں مختلف منصوبہ جات پنجاب انٹرمیڈیٹ امپروومنٹ انویسٹمنٹ سیٹیز پروگرام، پنجاب سیٹیز پروگرام اور پنجاب رورل سسٹین ایبل واٹر سپلائی اینڈ سینیٹیشن پروگرام کے تحت صوبہ بھر کے دیہی و شہری علاقوں کی خوبصورتی کو بڑھانے کیلئے ایک منظم نظام کے ذریعے گلیوں اور سڑکوں کی صفائی، صاف پانی، ماڈل سڑکیں، نکاسی آب اور ماحول کو خوشگوار بنانے پر عملدرآمد جاری ہے۔
اس کے علاوہ ان منصوبوں کی شفافیت اور مقامی حکومتوں کی کارکردگی کو بہتر اور یقینی بنانے کیلئے آئی ٹی بیسڈ مانیٹرنگ کا نظام بھی متعارف کروایا گیا ہے۔
پنجاب کو سماجی اور معاشی لحاظ سے ترقی کے نئے سفر پر گامزن کرنے کیلئے عوامی خدمت کے جذبے سے سرشار محکمہ لوکل گورنمنٹ کی خدمات خصوصی اہمیت کی حامل ہیں۔"



# سیکرٹری لوکل گورنمنٹ ڈاکٹر احمد جاوید قاضی کا پیغام

"عوامی فلاح و بہبود کے لیے محکمہ لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ پنجاب نے اپنی انتھک محنت اور کاوشوں سے انسانی وسائل کی ترقی میں نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ میں یہ دعویٰ کرتے ہوئے فخر محسوس کرتا ہوں کہ ادارے کا مقصد پنجاب کو ہر لحاظ سے ایک ترقی پسند صوبہ بنانے کیلئے بہتر اقدامات کی جانب گامزن کرنا ہے۔
شہروں اور دیہاتوں کی بہتری اور ان کی میونسپل سروس سے متعلق انفراسٹرکچر کی ترقی کو ممکن بنانے کیلئے مختلف منصوبوں پر کام جاری ہے۔ لوکل گورنمنٹ کے زیر انتظام کئی ایسے منصوبے ہیں جو تکمیل کے مراحل میں ہیں جن میں مقامی حکومتوں کی استعداد کار میں اضافہ بھی شامل ہے تاکہ مقامی حکومتوں کو محصولات کے حصول اور خدمات کی فراہمی میں خود مختار اور مستحکم بنایا جا سکے۔ حکومت پنجاب کے ویژن کی روشنی میں محکمہ لوکل گورنمنٹ ذمہ دارانہ طور پر خدمات کی فراہمی کے لیے پر عزم ہے۔
ہمارا مشن ہے کہ عوامی خدمت کو یقینی بناتے ہوئے پنجاب کو ترقی کی راہ پر اسی طرح آگے بڑھاتے رہیں۔"



# ستھرا پنجاب پروگرام

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات پر صوبہ بھر میں ستھرا پنجاب پروگرام کا آغاز کیا گیا ہے۔
اس پروگرام کے تحت لوکل گورنمنٹس اور ویسٹ مینجمنٹ کمپنیاں شہروں اور دیہاتوں میں ایک منظم نظام کے تحت کھلی جگہوں سے کوڑے کے ڈھیر ٹھکانے لگانے کے ساتھ ساتھ غیر قانونی تجاوزات کے خاتمہ، سڑکوں کی مرمت و بحالی اور سٹریٹ لائٹس کی تنصیب کے لیے مصروف عمل ہیں۔

## Lahore Division




## Sahiwal Division




## Dera Ghazi Khan Division




## Bahawalpur Division



## Gujranwala Division



## Faisalabad Division



## Multan Division



## Sargodha Division




## Rawalpindi Division





# سیکرٹری بلدیات ڈاکٹر احمد جاوید قاضی

## سے پاکستان بھر کی اقلیتی برادری کے نمائندوں کی ملاقات

ملاقات میں پنجاب میونسپل ڈویلپمنٹ فنڈ کمپنی (پی ایم ڈی ایف سی) اور جرمن ترقیاتی ادارے (جی آئی زی) کے تعاون سے ڈرافٹ کیے گئے اقلیتی برادری کے شادی اور طلاق کے رجسٹریشن رولز پر مشاورت کی گئی۔ اقلیتی برادری کی طرف سے پی ایم ڈی ایف سی کے ڈرافٹ رولز پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے بتایا گیا کہ پی ایم ڈی ایف سی نے ان کے طرف سے دیئے گئے تمام نکات کو بخوبی اس میں شامل کرتے ہوئے ڈرافٹ رولز کو ان کی ضروریات کے مطابق بنایا ہے۔ سیکرٹری بلدیات نے اس کاوش کو سراہتے ہوئے سید زاہد عزیز اور محمود مسعود تمنا کو مبارکباد دی اور کہا کہ ان رولز سے اقلیتی برادری کے اس دیرینہ مسائل کا حل ہوگا اور آئین پاکستان کی روح کے مطابق انہیں عائلی قوانین حاصل ہوں گے۔







کرسمس کی مناسبت سے مسیحی ملازمین کی خوشیوں میں شریک ہونے کے لیے سپیشل سیکرٹری لوکل گورنمنٹ آسیہ گل کی جانب سے ان کے دفتر میں کیک کٹنگ تقریب کا انعقاد کیا گیا۔
سپیشل سیکرٹری لوکل گورنمنٹ نے مسیحی ملازمین کے ہمراہ کیک کاٹا اور کرسمس کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے انہیں پھول بھی پیش کیے۔
محترمہ آسیہ گل نے کہا کہ ہم اپنے تمام ورکرز کی خوشیوں میں برابر کے شریک ہیں اور ان کی خدمات پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔







سپیشل سیکرٹری لوکل گورنمنٹ آسیہ گل مسیحی ملازمین کو کرسمس کی مناسبت سے پھول پیش کر رہی ہیں۔

لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے زیر اہتمام مسیحی ملازمین کے لیے حضوری باغ میں کرسمس کی مناسبت سے کیک کٹنگ تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ سیکریٹری لوکل گورنمنٹ نے ایل ڈبلیو ایم سی کے ورکرز کے ہمراہ کرسمس کا کیک کاٹا اور انہیں خراج تحسین پیش کیا۔



## سول سروسز کے 46 ویں گروپ کے زیر تربیت افسران کا لوکل گورنمنٹ کا مطالعاتی دورہ



سول سروسز کے 46 گروپ کے زیر تربیت افسران نے لوکل گورنمنٹ کا مطالعاتی دورہ کیا اور ادارے کے مختلف شعبہ جات کی ورکنگ کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر سپیشل سیکرٹری لوکل گورنمنٹ آسیہ گل نے وفد کو مقامی حکومتوں کے موجودہ نظام، ترقیاتی منصوبوں، آئی ٹی بیسڈ مانیٹرنگ سسٹم کے حوالے سے بریفنگ دی۔ انہوں نے کہا کہ گورننس اور سروس ڈیلیوری میں بہتری کے لیے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال ناگزیر ہے۔ محکمہ کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے پیپرلیس ورکنگ کا آغاز بھی کیا جا چکا ہے اس کے علاوہ عوامی فلاح و بہبود اور شہروں میں میونسپل انفراسٹرکچر کی بہتری کے لیے متعدد پراجیکٹس پر کام جاری ہے۔ مقامی حکومتوں کی استعداد کار بڑھا کر عوامی مسائل کو ان کی دہلیز پر حل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ وفد نے اس موقع پر محکمہ لوکل گورنمنٹ کی کارکردگی کو سراہا۔

## چینی ماہرین ماحولیات کے وفد کی

## سیکرٹری بلدیات ڈاکٹر احمد جاوید قاضی سے ملاقات

سیکرٹری بلدیات ڈاکٹر احمد جاوید قاضی سے چینی ماہرین ماحولیات کے وفد نے چینی قونصل جنرل زاؤ شریں کی سربراہی میں ملاقات کی اور پاکستان میں ماحولیاتی تبدیلیوں کے حوالے سے درپیش مسائل پر تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر سیکرٹری بلدیات ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے کہا کہ سموگ کے خاتمے کے لیے اصل وجوہات کو جاننا ہوگا اور اس سلسلے میں چینی ماہرین ماحولیات کی تجاویز اور تعاون فائدہ مند ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہم ماحولیاتی آلودگی و سموگ کے تدارک کے لیے دیرپا اور مستقل حل چاہتے ہیں لہذا محکمہ بلدیات نے مختلف ڈویلپمنٹ پراجیکٹس کے تحت ماحولیاتی تحفظ کے لیے ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ اور سالڈ ویسٹ مینجمنٹ پلانٹس لگائے ہیں علاوہ ازیں مقامی حکومتوں کی جانب سے بھی سموگ کے خلاف موثر اقدامات کیے گئے ہیں۔ سپیشل سیکرٹری بلدیات آسیہ گل نے وفد کو پنجاب میں ماحولیاتی آلودگی کے حوالے سے درپیش مسائل اور اقدامات سے متعلق آگاہ کیا۔ ملاقات میں چینی ماہرین کی جانب سے ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے کے لیے مختلف تجاویز پیش کی گئیں اور ہر سطح پر بھرپور تعاون کا اظہار کیا گیا۔ اس موقع پر چینی قونصل جنرل زاؤ شریں نے کہا کہ ملاقات کا مقصد علم و افکار اور تجربات کا باہمی اشتراک ہے اور فضائی آلودگی کے کنٹرول کے لیے سائنسی بنیادوں پر عملی اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔









## امریکی قونصل جنرل مس ہاکنز کی اپنی ٹیم کے ہمراہ لوکل گورنمنٹ آمد







امریکی قونصلیٹ جنرل کے وفد نے لوکل گورنمنٹ کا دورہ کیا اور سیکرٹری بلدیات ڈاکٹر احمد جاوید قاضی سے ملاقات کی۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، موجودہ لوکل گورنمنٹ سسٹم، محکمہ جاتی اصلاحات سمیت دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر سیکرٹری بلدیات نے بتایا کہ محکمہ بلدیات صوبہ بھر میں شہریوں تک بلدیاتی سہولیات کی فراہمی کے لیے کام کر رہا ہے۔

اس سلسلہ میں محکمہ میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے کام کو بہتر بنایا گیا ہے۔

انہوں نے وفد کو بتایا کہ محکمہ بلدیات مقامی حکومتوں میں بھی جدید سافٹ ویئرز کی مدد سے سسٹم کو ڈیجیٹائز کر رہا ہے۔

اس کے علاوہ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کے شعبہ میں بھی جدید ٹیکنالوجی کو اپنایا جا رہا ہے۔

سیکرٹری بلدیات نے امریکی وفد کو اپ گاؤں چمکیں گے پروگرام، انفارمیشن مینجمنٹ سسٹم اور لوکل گورنمنٹ کے موجودہ نظام کے بارے میں آگہی دی۔ اس کے علاوہ وفد کو محکمہ بلدیات کی اہم کامیابیوں سے متعلق بھی آگاہ کیا۔

## مقامی حکومتوں کو خود کفیل بنانے کے لیے ورکنگ گروپ کی تشکیل



سیکرٹری بلدیات سب نیشنل گورننس اور پی ایم ڈی ایف سی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

سیکرٹری بلدیات ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے کہا ہے کہ فنانشل مینجمنٹ سسٹم کو مقامی حکومتوں میں نافذ کرنے پر سب نیشنل گورننس اور پنجاب میونسپل ڈویلپمنٹ فنڈ کمپنی کی خدمات کو سراہتے ہیں ان خیالات کا اظہار سیکرٹری بلدیات نے سول سیکرٹریٹ میں پی ایم ڈی ایف سی اور سب نیشنل گورننس پروگرام کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ لوکل گورنمنٹ میں فنانشل مینجمنٹ سسٹم نافذ ہونے سے نہ صرف ریونیو کولیکشن میں بہتری ہوگی بلکہ تمام مقامی حکومتوں کے مالی معاملات، اخراجات کو شفاف طریقے سے چلانے میں مدد ہوگی۔ اجلاس میں مقامی حکومتوں کو خود کفیل بنانے کے لیے لوکل گورنمنٹ، پی ایم ڈی ایف سی اور سب نیشنل گورننس کے اشتراک سے ورکنگ گروپ بھی تشکیل دیا گیا۔

## ڈونرز رابطہ کمیٹی کا پہلا اجلاس








بلدیاتی خدمات کی فراہمی کے حوالے سے محکمہ لوکل گورنمنٹ کے زیر انتظام ڈونرز پراجیکٹس کے سالانہ ورک پلان کا جائزہ لینے، وسائل کا بہتر استعمال یقینی بنانے اور ان پراجیکٹس کے درمیان ہم آہنگی کو بڑھانے کے لیے سپیشل سیکرٹری لوکل گورنمنٹ آسیہ گل کی سربراہی میں ڈونر رابطہ کمیٹی کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ اس ڈونر رابطہ کمیٹی کا پہلا اجلاس سپیشل سیکرٹری لوکل گورنمنٹ کی سربراہی میں منعقد ہوا جس میں پراجیکٹ ڈائریکٹر پنجاب سٹیز پروگرام زاہد عزیز، پراجیکٹ ڈائریکٹر پنجاب رورل سسٹین ایبل واٹر سپلائی اینڈ سینی ٹیشن پراجیکٹ اسد اللہ، ڈپٹی پراجیکٹ ڈائریکٹر پنجاب انٹرمیڈیٹ سٹیز امپروومنٹ انوسٹمنٹ پروگرام طلحہ زبیر، جی ایم پی ایم ڈی ایف سی مسعود حسن، گورننس سپیشلسٹ نجیب اسلم جرمن ترقیاتی ادارہ پاکستان سب نیشنل گورننس اور واٹر ایڈ پنجاب کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اس موقع پر پراجیکٹ ڈائریکٹرز نے اپنے اپنے پراجیکٹس کے حوالے سے سیکھے گئے تجربات، کامیابیاں اور درپیش مسائل کو کمیٹی کے سامنے پیش کیا اور مستقبل کے لائحہ عمل پر غور کیا۔ سپیشل سیکرٹری لوکل گورنمنٹ نے کہا کہ ڈونر رابطہ کمیٹی مفاد عامہ کے سلسلے میں محکمہ کی ترجیحات کو عملی جامہ پہنانے میں اہم کردار ادا کرے گی اور باقاعدگی سے منصوبوں کے ورک پلان کا جائزہ لیتی رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ تمام پراجیکٹس کے اہداف اور ذمہ داریاں واضح ہونی چاہئیں تاکہ ترقیاتی منصوبوں میں ڈپلیکیشن سے بچا جا سکے۔ علاوہ ازیں منصوبوں کے درمیان ہم آہنگی کا مربوط نظام قائم کر کے وسائل کا موزوں استعمال یقینی بنانا ڈونر رابطہ کمیٹی کی ذمہ داری ہوگی۔

## ایم سی ایل شعبہ ٹاؤن پلاننگ میں اصلاحات، ای کنسٹرکشن پورٹل فعال

سیکرٹری بلدیات ڈاکٹر احمد جاوید قاضی کی سربراہی میں ایم سی ایل شعبہ ٹاؤن پلاننگ میں شفافیت اور میرٹ کے نفاذ کے لیے اصلاحات کے عمل کا آغاز کیا گیا جس کے تحت سیکرٹری بلدیات ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے شعبہ ٹاؤن پلاننگ لاہور کی پوری ٹیم کے ساتھ 8 سے زائد اجلاس کیے اور اپنی سربراہی میں ای کنسٹرکشن پورٹل کو مکمل طور پر فعال کروایا اس سلسلے میں پی آئی ٹی بی کی معاونت سے میٹروپولیٹن کارپوریشن لاہور کے شعبہ ٹاؤن پلاننگ کے تمام افسران کو ای کنسٹرکشن پورٹل کے نئے لاگ ان فراہم کیے گئے جبکہ پچھلے تمام لاگ انز ڈیلیٹ کروائے گئے اس کے علاوہ تمام عملے کو ای کنسٹرکشن پورٹل کے حوالے سے تربیت بھی دی گئی تاکہ شعبہ پلاننگ کا عملہ نقشوں کی منظوری کے حوالے سے تمام کیسز اور فائلز کو باقاعدگی سے پورٹل پر اپ ڈیٹ کر سکے۔

اس کے علاوہ ٹیکنیکل شکایات کے حل کے لیے پی آئی ٹی بی کا نمائندہ ایم سی ایل میں تعینات کیا گیا۔ سیکرٹری بلدیات نے ہدایات کیں کہ میٹروپولیٹن کارپوریشن بالخصوص شعبہ ٹاؤن پلاننگ کو جدید ٹیکنالوجی سے لیس کیا جائے تاکہ غیر قانونی تعمیرات کے کنٹرول کے حوالے سے موثر اور دیرپا حکمت عملی ترتیب دی جا سکے۔ پلاننگ ونگ کے تمام افسران کو تنبیہ کی گئی کہ نقشہ جات کی منظوری میں کوئی بدانتظامی یا ملی بھگت برداشت نہیں ہوگی اور اس سلسلہ میں افسران کے خلاف شکایات موصول ہونے پر فوراً محکمانہ کارروائی ہوگی بلڈنگ پلان کی منظوری کے دوران تمام قانونی تقاضے پورے کرنا پلاننگ ونگ کے تمام افسران کی ذمہ داری ہے۔





## تین سالہ رولنگ انٹیگریٹڈ ڈویلپمنٹ اینڈ ایسٹ مینجمنٹ پلانز کے نفاذ پر ٹریننگ سیشن کا انعقاد



پنجاب میونسپل ڈویلپمنٹ فنڈ کمپنی کے زیر اہتمام تین سالہ رولنگ انٹیگریٹڈ ڈویلپمنٹ اینڈ ایسٹ مینجمنٹ پلانز کے نفاذ پر ٹریننگ سیشن کا انعقاد کیا گیا جس میں پنجاب سٹیز پروگرام کے تحت 16 میونسپل کمیٹیوں کے افسروں نے شرکت کی اس موقع پر سپیشل سیکرٹری لوکل گورنمنٹ آسیہ گل نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ لوکل گورنمنٹس میں اثاثوں کی بہتر منصوبہ بندی کے لیے ایسٹ مینجمنٹ پلان کا نفاذ خوش آئند قدم ہے آئی ڈیمپ (IDAMPs) کی مدد سے میونسپل کمیٹیاں بہتر منصوبہ بندی کر سکیں گی اور تمام سٹیک ہولڈرز کی مشاورت کے بعد تیار کیے گئے پلانز سیکٹورل، انفراسٹرکچر پلانز اور ترجیحی میپس سے ہم آہنگ ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ورلڈ بینک کے تعاون سے 16 میونسپل کمیٹیوں میں پلاننگ، ریسورس مینجمنٹ اور اکاؤنٹیبلیٹی کو مضبوط بنایا جا رہا ہے۔ محکمہ عوام تک میونسپل سروسز کی فراہمی کے لیے گراس روٹ لیول پر اصلاحات کر رہا ہے۔



## عام انتخابات 2024 میں سہولیات کی فراہمی کیلئے الیکشن کمیشن کی ہدایات کے مطابق لوکل گورنمنٹ کی گراں قدر خدمات



سیکرٹری بلدیات عام انتخابات کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



چیف سیکرٹری پنجاب کی جانب سے عام انتخابات 2024 کے انعقاد کے لیے پنجاب میں سیکرٹری محکمہ بلدیات کو فوکل پرسن مقرر کیا گیا اس سلسلے میں سیکرٹری محکمہ بلدیات نے اپنے فرائض کو بخوبی ادا کرتے ہوئے ضلعی انتظامیہ کے ساتھ رابطہ کاری کا بہترین انتظام کیا اور الیکشن کمیشن آف پاکستان کی ہدایات کے مطابق تمام ڈپٹی کمشنرز کو متحرک کیا۔ علاوہ ازیں عام انتخابات کے کامیاب انعقاد کے لیے مختلف سطح پر روزانہ کی بنیاد پر اجلاس کا سلسلہ بھی جاری رہا۔ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ نے اپنی ٹیم کے ہمراہ متعلقہ اداروں کی معاونت سے پنجاب میں پولنگ سٹاف اور انکی بروقت ٹریننگ اور سیلاب متاثرہ پولنگ اسٹیشنز کی بحالی کو ممکن بنایا۔

پولنگ اسٹاف اور میٹیریل کی فراہمی کیلئے ٹرانسپورٹ کی سہولیات اور ان کے تحفظ کا باقاعدہ انتظام کیا گیا۔ عام انتخابات کی تیاری بارے آگاہی کیلئے کوآرڈینیشن ایپ متعارف کروائی گئی۔ انتہائی حساس پولنگ اسٹیشن کیلئے سی سی ٹی وی کیمرے نصب کروائے گئے اور اس کے ساتھ ساتھ امیدواران کی شکایات کا بروقت ازالہ بھی یقینی بنایا گیا۔



## پنجاب کرسچن ڈیوورس رولز 2023 کی تیاری اور منظوری




یونین کونسلز کے ذریعہ کرسچن برادری کی طلاق کے سرٹیفکیٹ کے اجراء کو آسان بنانے اور طریقہ کار تجویز کرنے کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت اور جی آئی زی پروگرام کی معاونت سے پنجاب کرسچن ڈیوورس رولز 2023 تیار کیے گئے اور پنجاب کابینہ سے منظور کروائے گئے۔

## والڈ سٹی آف لاہور ترمیمی آرڈیننس 2023 کی تیاری اور نفاذ

والڈ سٹی آف لاہور اتھارٹی کا دائرہ اختیار پنجاب بھر میں بڑھانے کے لیے والڈ سٹی آف لاہور ترمیمی آرڈیننس 2023 کی تیاری اور منظوری کروائی گئی۔ اس اقدام کا مقصد پنجاب بھر کے والڈ سٹیز کو موثر انداز میں محفوظ کرنے کے لئے خصوصی ادارہ جاتی انتظامات فراہم کرنا ہے۔

والڈ سٹی آف لاہور ترمیمی آرڈیننس کے تحت اب اتھارٹی کا نیا نام "پنجاب والڈ سٹیز اینڈ ہیریٹیج ایریاز اتھارٹی" کر دیا گیا ہے۔

## یونین کونسل کی ورکنگ کا جائزہ

سیکرٹری لوکل گورنمنٹ ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے یونین کونسلز کی موجودہ ورکنگ کا جائزہ لیا اس سلسلے میں لاہور کی یونین کونسل 64 کی انتظامی ٹیم نے سیکرٹری لوکل گورنمنٹ کے دفتر میں یونین کونسلز کی روزانہ کی ورکنگ بارے ڈیمو دیا۔ سیکرٹری بلدیات نے یونین کونسل کی ٹیم سے بریفنگ لینے کے بعد ڈی جی بلدیات شفاعت علی کو ہدایات کیں کہ سرٹیفکیٹس کی فیسوں کی ادائیگیاں جدید ٹیکنالوجی سے صاف اور شفاف بنائی جائیں اس ضمن میں ادائیگیوں کو ای پے سسٹم سے منسلک کیا جائے۔ لیٹ اندراج کی صورت میں بچوں کی تصاویر برتھ سرٹیفکیٹ پر چسپاں کی جائیں اور برتھ رجسٹریشن کی شرح میں اضافہ کے لیے خصوصی آگہی مہم بھی چلائی جائے انہوں نے مزید کہا کہ یونین کونسلز براہ راست عوامی خدمت کے دفاتر ہیں لہذا عملہ ایمانداری اور تندہی سے فرائض سرانجام دے۔





سیکریٹری بلدیات یونین کونسلز کی ورکنگ کا جائزہ لے رہے ہیں

## خصوصی مہم برائے اندراج پیدائش






محکمہ بلدیات نے بچوں کی پیدائش کے اندراج کے لیے خصوصی مہم 15 تا 25 دسمبر 2023 کا پورے پنجاب کی یونین کونسلز سے آغاز کیا جس میں 60 یوم تک نوزائیدہ بچوں کا بالکل مفت اندراج کیا گیا۔ اس مہم میں بچیوں کے اندراج پیدائش پر خصوصی توجہ دی گئی دس روزہ مہم میں کل 543,421 بچوں کا اندراج کیا گیا جو کہ عام دنوں میں ہونے والے اندراج سے 800 گنا زیادہ ہے۔ ڈی جی بلدیات شفاعت علی کی زیر نگرانی اس مہم کے تحت ڈپٹی ڈائریکٹرز اور اسسٹنٹ ڈائریکٹرز لوکل گورنمنٹس کی جانب سے ضلع اور تحصیل کی سطح پر آگاہی واک اور سیمینارز کا بھی انعقاد کیا گیا۔

---

پنجاب میونسپل ڈویلپمنٹ فنڈ کمپنی کے زیر اہتمام لوکل گورنمنٹ آفیسرز کے لئے پبلک سروس آتھکس پر ٹریننگ کا انعقاد کیا گیا۔ ٹریننگ میں واسا، آب پاک، میٹروپولیٹن کارپوریشن لاہور، لوکل گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹ سمیت مختلف میونسپل کمیٹیز کے افسران شریک ہوئے محمود مسعود تمنا، جنرل منیجر (ID) پنجاب میونسپل ڈویلپمنٹ فنڈ کمپنی نے شرکا کو ٹریننگ کے اغراض و مقاصد سے آگاہ کیا۔ ٹریننگ میں ڈاکٹر احمد جاوید قاضی، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ اور آسیہ گل سپیشل سیکرٹری لوکل گورنمنٹ نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری لوکل گورنمنٹ نے کہا کہ پی ایم ڈی ایف سی کی اس ٹریننگ سے لوکل گورنمنٹ سٹاف مزید بہتر انداز میں میونسپل سروسز فراہم کر سکے گا۔ اس لئے لوکل گورنمنٹ سٹاف کو استعداد کار میں بہتری لانے کے لئے اپنا نالج بہتر کرنا ہوگا۔ بہتر عوامی خدمات کی فراہمی کے لئے لوکل گورنمنٹ سٹاف کو اپنی سکلز میں مزید بہتری لانی چاہئے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ بطور لوکل گورنمنٹ آفیسر میونسپل سروسز کی فراہمی آپ کی ذمہ داری ہے، ان سروسز کی عدم فراہمی کی شکایات صبر، اور خندہ پیشانی سے سننا اور انہیں حل کرنا بھی ہماری ذمہ داری ہے۔ جبکہ پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کو اخلاقیات کے اصولوں کے مطابق ادا کرنا ہماری مذہبی ذمہ داری ہے۔








## سپیشل سیکرٹری لوکل گورنمنٹ آسیہ گل سے جی آئی زی کے صوبائی کوآرڈینیٹر کی اپنی ٹیم کے ہمراہ ملاقات



ملاقات میں سپیشل سیکرٹری لوکل گورنمنٹ آسیہ گل کو جرمن ترقیاتی ادارے (جی آئی زی) کی جانب سے منتخب مقامی حکومتوں میں اٹھائے گئے اہم اقدامات کے حوالے سے بریف کیا گیا اور اس موقع پر سپیشل سیکرٹری لوکل گورنمنٹ نے کہا کہ جی آئی زی کی جانب سے مختلف شعبوں میں فراہم کی جانے والی تکنیکی اور مالی معاونت انتہائی اہمیت کی حامل ہے

محکمہ لوکل گورنمنٹ مستقبل میں بھی جی آئی زی کی جانب سے مختلف شعبوں میں تعاون کا خواہاں ہے۔

## مویشی منڈیوں میں اوور چارجنگ کے کنٹرول کے لیے سی ٹی وی کیمروں کی مدد سے براہ راست مانیٹرنگ

محکمہ لوکل گورنمنٹ نے مویشی منڈیوں میں اوور چارجنگ کے کنٹرول کے لیے اہم اقدامات اٹھائے ہیں اور اس سلسلہ میں سیکرٹری لوکل گورنمنٹ کی جانب سے سی ای او پنجاب کیٹل مارکیٹ اینڈ مینجمنٹ کمپنی کو خصوصی ہدایات کی گئیں جس کے بعد شاہ پور کانجراں مویشی منڈی میں داخلی اور خارجی راستوں پر سی ٹی وی کیمروں کی تعداد بڑھائی گئی اور منڈی کی لائیو مانیٹرنگ کا عمل شروع کیا گیا اس عمل سے مویشی منڈی میں اوور چارجنگ کا مکمل خاتمہ کیا گیا ہے۔





## محکمہ لوکل گورنمنٹ اور محکمہ ہاؤسنگ کا افورڈایبل ہاؤسنگ رولز میں ترامیم کے حوالے سے اتفاق رائے

سپیشل سیکرٹری لوکل گورنمنٹ آسیہ گل کی زیر صدارت پنجاب سول سیکرٹریٹ میں افورڈ ایبل ہاؤسنگ رولز میں ترامیم کے حوالے سے اجلاس ہوا۔ جس میں ڈی جی پھاٹا، پراجیکٹ ڈائریکٹر افورڈ ایبل ہاؤسنگ پروگرام، سپیشلسٹ ہاؤسنگ نے شرکت کی جبکہ محکمہ لوکل گورنمنٹ سے ڈائریکٹر لیگل، ڈی جی آئی اینڈ ایم اور پراجیکٹ ڈائریکٹر پی ایم یو نے شرکت کی۔ اجلاس میں متفقہ فیصلہ کیا گیا کہ پنجاب ٹاؤن پلاننگ اینڈ ہاؤسنگ ایجنسی فارن فنڈڈ لو انکم ہاؤسنگ پراجیکٹس کے لیے پلاننگ سٹینڈرڈز اپنی گورننگ باڈی میں پیش کرے گی اور لو انکم ہاؤسنگ پراجیکٹس کے لیے الگ ریگولیشنز جاری ہوں گے۔




## تجاوزات کے خلاف لاہور میں گرینڈ آپریشن

بلدیہ عظمیٰ لاہور نے حکومت پنجاب کی خصوصی ہدایات پر ٹریفک کی روانی کو بہتر بنانے کے لیے مختلف محکمہ جات کی مدد سے شہر کی 18 اہم شاہراہوں سے عارضی اور پختہ تجاوزات کا خاتمہ کیا۔ اہم شاہراہوں پر تجاوزات کے خلاف آپریشن سے قبل رضا کارانہ طور تجاوزات ہٹانے کی مہلت بھی دی گئی اس سلسلے میں بلدیہ عظمیٰ نے 18 آگہی کیمپس لگائے، عارضی تجاوزات کے 130 ٹرک سامان کے ضبط کیے گئے۔ 5 ہزار 413 عدد پختہ تجاوزات (تھڑے، شیڈ اور تندور وغیرہ) گرائے گئے۔ اس مہم کے تحت تجاوز کنندگان کے خلاف 780 مقدمات درج کیے گئے جبکہ 31 کروڑ سے زائد جرمانے کیے گئے۔











### ملتان میں تاریخی عمارات اور فلائی اوورز کی خوبصورتی کے لیے برقی قمقموں کی تنصیب

میونسپل کارپوریشن ملتان نے شہر کی اہم عمارات جن میں گھنٹہ گھر، دمدمہ، پبلک لائبریری، قلعہ کہنہ قاسم باغ اور مختلف فلائی اوورز شامل ہیں ان کی خوبصورتی کے لیے برقی قمقموں کی تنصیب کا کام مکمل کیا ہے۔







### میونسپل کارپوریشن فیصل آباد

میونسپل کارپوریشن فیصل آباد کی جانب سے شہر کے مختلف علاقوں میں ٹریفک کے بہاؤ کے لیے پیچ ورک کے کام کی جھلکیاں۔

## ڈسٹرکٹ کونسل چکوال کی جانب سے بلکسر انٹرچینج کی تزئین و آرائش















## کمپلینٹ مینجمنٹ اینڈ انفارمیشن سسٹم کے تحت عوامی شکایات کا بروقت ازالہ

عوامی شکایات کے بروقت ازالے کے لیے محکمہ بلدیات کی جانب سے کمپلینٹ مینجمنٹ اینڈ انفارمیشن سسٹم کا اجراء کیا گیا ہے۔ میونسپل سروسز بارے آگہی اور شکایات کے اندراج کے لیے ہیلپ لائن 1198، آپ کی بلدیہ موبائل ایپ، آن لائن ویب پورٹل اور واٹس ایپ نمبر متعارف کروایا گیا ہے۔




میونسپل سروسز سے متعلق شکایات کا موثر اور بروقت حل
محکمہ بلدیات کی جانب سے واٹس ایپ نمبر کا اجراء

031-0011-1198



### فنانشل مینجمنٹ سسٹم کا نفاذ

آئی ٹی بیسڈ مانیٹرنگ سسٹم کے تحت مقامی حکومتوں کے فنانشل مینجمنٹ سسٹم کو مکمل طور پر نافذ کیا جا چکا ہے۔ یہ نظام اب پنجاب کی تمام مقامی حکومتوں میں کام کر رہا ہے۔ مقامی حکومتیں اب اپنے بجٹ، ادائیگیوں، رسیدوں اور مالیاتی کاموں کو بغیر کسی رکاوٹ کے برقرار رکھ سکتی ہیں۔

## ملازمین کی ریکارڈ کیپنگ کے لیے ہیومن ریسورس مینجمنٹ سسٹم کا نفاذ

لوکل گورنمنٹ کے تمام ملازمین کی ریکارڈ کیپنگ کے لیے ہیومن ریسورس مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم تشکیل دیا گیا ہے جس کے تحت لوکل گورنمنٹ سروس، لوکل کونسل سروس سے تعلق رکھنے والے تمام ملازمین کے مکمل کوائف، تنخواہیں، پنشن، تبادلے، محکمانہ انکوائریوں کی تفصیلات، سنیارٹی پوزیشن، جوائننگ ڈیٹ اور دیگر معلومات کا ریکارڈ مرتب کیا جاتا ہے۔




## بزنس فیسیلیٹیشن سینٹر میں تعمیراتی شعبوں سے متعلقہ اجازت ناموں کے حصول کی سہولت

حکومت پنجاب کی جانب سے بزنس فیسیلیٹیشن سینٹر میں کاروباری حضرات کے لیے تمام سہولیات ایک چھت تلے فراہم کی جا رہی ہیں جس میں محکمہ لوکل گورنمنٹ سے متعلقہ 4 این او سیز کا اجراء کیا جا رہا ہے۔ ایڈیشنل سیکرٹری لوکل گورنمنٹ ساجد بشیر نے 25 جنوری 2024 کو بزنس فیسیلیٹیشن سینٹر کا دورہ کیا اور انتظامات کا جائزہ لیا۔

## میونسپل کمیٹی شیخوپورہ میں ای آکشن مینجمنٹ سسٹم کی کامیاب پائلٹ ٹیسٹنگ

کاروبار میں آسانی، گڈ گورننس، شفافیت اور میرٹ کے نفاذ کے لیے مقامی حکومتوں میں نیلامی کے تمام عمل کو آٹومیٹ کیا جا رہا ہے۔ اس سسٹم کی مدد سے تمام کنٹریکٹرز کو ایل جی سی ڈی کے مرکزی پورٹل پر رجسٹر کیا جائے گا۔ میونسپل کمیٹی شیخوپورہ سے ای آکشن مینجمنٹ سسٹم کی کامیاب پائلٹ ٹیسٹنگ کر لی گئی ہے۔

## ای فائلنگ اینڈ آفس آٹومیشن سسٹم



چیف سیکرٹری پنجاب کی خصوصی ہدایات پر محکمہ بلدیات نے مختصر وقت میں سرکاری خط و کتابت، سمریوں کی ترسیل، نوٹنگ، ڈائری، ڈسپیچ اور فائلوں کا تمام ریکارڈ ای فائلنگ اینڈ آفس آٹومیشن سسٹم پر منتقل کیا ہے۔ اس سسٹم سے سرکاری امور نمٹانے میں شفافیت اور بہتری آئی ہے۔

## ترقیاتی پراجیکٹس کی شاندار کارکردگی




چیف سیکرٹری پنجاب اور چیئرمین پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ کی جانب سے غیر ملکی فنڈنگ منصوبوں کی تکمیل میں بہترین کارکردگی دکھانے والے افسران میں سرٹیفکیٹ تقسیم کیے گئے جس میں محکمہ لوکل گورنمنٹ کے دو پراجیکٹس پنجاب سٹیز پروگرام اور پنجاب انٹرمیڈیٹ سٹیز امپرومنٹ انویسٹمنٹ پروگرام کے پراجیکٹ ڈائریکٹرز سید زاہد عزیز اور حمزہ سالک کو بہترین کارکردگی پر تعریفی سرٹیفکیٹ سے نوازا گیا۔

## محکمہ بلدیات کے زیرانتظام جاری ترقیاتی منصوبوں کی کارکردگی پر ایک نظر پنجاب سٹیز پروگرام

پنجاب میونسپل ڈویلپمنٹ فنڈ کمپنی 236 ملین امریکی ڈالر کی کل لاگت کے ساتھ 16 ایم سیز میں ورلڈ بینک کے فنڈ ڈ پنجاب سٹیز پروگرام (PCP) کو نافذ کر رہی ہے۔ پروگرام کا مقصد شہری انتظام اور خدمات کی فراہمی میں حصہ لینے والی شہری مقامی حکومتوں کی کارکردگی کو مضبوط بنانا ہے۔ پروگرام کے تحت سرمایہ کاری کے اہل





علاقوں میں صاف پانی، سیوریج سسٹم، سالڈ ویسٹ مینجمنٹ، ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ، سڑکیں، پارکس اور اسٹریٹ لائٹس جیسی سہولیات کی فراہمی شامل ہے۔ گڈ گورننس، شفافیت اور احتساب کو فروغ دینے کے لیے منتخب 16 مقامی حکومتوں کو جدید IT پر مبنی حل بھی فراہم کیے جا رہے ہیں۔ مزید برآں، مقامی حکومتوں میں سرمایہ کاری کی منصوبہ بندی، بجٹ سازی، HR، اون سورس ریونیو (OSR)، پروکیورمنٹ، فنانشل مینجمنٹ، آڈٹ، ماحولیات، سماجی انتظام، شفافیت، احتساب اور شہری انفراسٹرکچر کے شعبوں میں مضبوط کیا جا رہا ہے۔





سیکرٹری لوکل گورنمنٹ مینیجنگ ڈائریکٹر پنجاب میونسپل ڈویلپمنٹ فنڈ کمپنی اور جی آئی زی کی ٹیم سے لوکل گورننس کے شعبوں میں کیے گئے اہم اقدامات کے حوالے سے بریفنگ لے رہے ہیں

مقامی حکومتوں کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے پنجاب میونسپل ڈویلپمنٹ فنڈ کمپنی اور جرمن ترقیاتی ادارے جی آئی زی کی جانب سے اہم اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ اس وقت پنجاب کے 4 منتخب اضلاع شیخوپورہ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، جہلم اور لاہور میں میونسپل سروسز کی فراہمی کو بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ مقامی حکومتوں کو ریگولیٹری فریم ورک، بائی لاز اور ایس او پیز کی تیاری میں بھی معاونت فراہم کی جا رہی ہے۔ اس کے علاوہ مقامی حکومتوں کی انتظامیہ کی صلاحیتوں میں اضافے کے لیے مختلف سطح پر جامع تربیتی سیشنز کا بھی اہتمام کیا جا رہا ہے۔





## خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے پنجاب سٹیز پروگرام کے اقدامات

پنجاب کے 16 شہروں میں خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے پنجاب سٹیز پروگرام نے جینڈر ایکشن پلان ڈیزائن کیا ہے۔ اس پلان کے تحت یونیورسٹی آف جھنگ کے فائن آرٹس ڈیپارٹمنٹ کی ہونہار طالبات کو شامل کیا گیا ہے۔ 35 سے زائد نوجوان خواتین جھنگ شہر کی دیواروں کو سجانے کے لیے انتھک محنت کر رہی ہیں۔ ان کا مشن شہر کی بھرپور ثقافت، ادب اور فن کی نمائش کرنا ہے۔



## مغل پورہ، تحصیل مانوالہ، ضلع شیخوپورہ میں سیوریج کے تالاب کی بحالی





پنجاب میونسپل ڈویلپمنٹ فنڈ کمپنی (PMDFC) نے 10 ملین کی لاگت سے گندے پانی کے تالاب کی بحالی کا ایک منفرد منصوبہ مکمل کیا ہے اور اس جگہ کو ایک خوبصورت پارک اور واٹر لینڈ میں تبدیل کر دیا ہے۔ گندے پانی کے تالاب کے منصوبے کی بحالی کا بنیادی مقصد گندے پانی کو ٹریٹ کرنا اور اسے مقامی کمیونٹی کے لیے قابل استعمال بنانا ہے تاکہ وہ اس پانی کو زراعت کے لیے استعمال کر سکیں۔ یہ منصوبہ آبی حیات کے لیے اچھا ماحول فراہم کرے گا اور مقامی دیہاتوں کے لیے تفریحی مقام بننے کے علاوہ ماحولیات اور زندگی کے معیار کو بہتر بنائے گا۔

## پنجاب رورل سسٹین ایبل واٹر سپلائی اینڈ سینی ٹیشن پراجیکٹ





پنجاب کے پسماندہ علاقوں کی ترقی کے پیش نظر 16 تحصیلوں کے 2000 دیہات کے لیے "پنجاب رورل سسٹین ایبل واٹر سپلائی اینڈ سینی ٹیشن" ورلڈ بینک کے تعاون سے متعارف کروایا گیا ہے۔ اس منصوبے میں خوشاب، میانوالی، سرگودھا، چکوال، بھکر، پاک پتن، چنیوٹ، جھنگ، راجن پور، رحیم یار خان، ڈی جی خان، لودھراں، بہاولپور، مظفر گڑھ، بہاونگر اور ملتان کی تحصیلیں شامل ہیں۔ منصوبے میں دیہی و پسماندہ علاقوں میں صاف پانی، پختہ سڑکیں، نکاسی آب اور سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کے حوالے سے اہم کام شامل ہیں۔

### ورلڈ بینک کی جانب سے اطمینان بخش درجہ بندی

پنجاب رورل سسٹین ایبل واٹر سپلائی اینڈ سینی ٹیشن پراجیکٹ کے تحت پنجاب کے 200 دیہاتوں میں اس منصوبے کا پائلٹ پراجیکٹ کامیابی سے چلایا جا رہا ہے۔ بین الاقوامی معیار کے مطابق منصوبہ بندی، ڈیزائننگ، فزیبلٹی اور انجینئرنگ ڈیزائن کی منظوری انتہائی کم مدت میں مکمل کی گئی ہے۔ اہداف پورے کرنے پر ورلڈ بینک کی جانب سے اطمینان بخش درجہ بندی حاصل کی گئی ہے۔







## ریکارڈ مدت میں 68 مقامی حکومتوں کے لینڈ یوز پلانز کی تیاری

شہروں میں بے ہنگم پھیلاؤ، ٹریفک، ماحولیاتی آلودگی اور دیگر مسائل سے چھٹکارے کے لیے پنجاب کے درمیانے اور چھوٹے درجے کے شہروں کی ماسٹر پلاننگ کا منصوبہ جاری ہے۔ محکمہ بلدیات نے ماہر ٹاؤن پلانرز پر محیط ایک پراجیکٹ مینجمنٹ یونٹ قائم کیا ہے جنہوں نے 11 اضلاع میں قائم 68 مقامی حکومتوں کی کمپوسٹی بلڈنگ کی اور 4 ماہ کی ریکارڈ مدت میں لینڈ یوز پلان تیار کر کے نوٹیفائی کیے ہیں۔ لوکل گورنمنٹ کا پراجیکٹ مینجمنٹ یونٹ اس وقت 21 اضلاع کی 125 لوکل گورنمنٹس کے لینڈ یوز پلانز تیار کر رہا ہے۔

## ڈویلپنگ رزیلیئنٹ انوائرنمنٹ اینڈ ایڈوانسنگ میونسپل سروسز پراجیکٹ (ڈریمز1)





سیکرٹری لوکل گورنمنٹ ڈاکٹر احمد جاوید قاضی راولپنڈی میں واٹر سپلائی اور بہاولپور میں ویسٹ مینجمنٹ کے منصوبوں کے لیے ایشیائی ترقیاتی بینک کے ساتھ معاہدے پر دستخط کر رہے ہیں

ڈویلپنگ رزیلیئنٹ انوائرنمنٹ اینڈ ایڈوانسنگ میونسپل سروسز پراجیکٹ کے تحت 11 ارب کی لاگت سے بہاولپور میں پنجاب کے پہلے انٹیگریٹڈ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ منصوبے کا آغاز کیا جا رہا ہے جس میں کوڑے کو محفوظ طریقہ سے ٹھکانے لگانے کا جدید نظام متعارف کروایا جا رہا ہے جس کے تحت بہاولپور شہر کو 2 ارب کی لاگت سے جدید سالڈ ویسٹ مینجمنٹ مشینری فراہم کی جائے گی۔ اس پراجیکٹ کے تحت 37 ارب روپے کی لاگت سے راولپنڈی میں جدید مربوط واٹر سپلائی سسٹم کا آغاز بھی کیا جا رہا ہے۔ راولپنڈی کی عوام کو 27 ارب کی لاگت سے 90 کلومیٹر طویل ترسیلی نظام کے تحت 12 ملین گیلن صاف پانی کی فراہمی کو ممکن بنایا جا سکے گا مزید براں 1.9 کلومیٹر طویل کنڈکٹس کی تنصیب اور 20 میگاواٹ شمسی توانائی پر منتقلی سالانہ 2 ارب کی بچت ممکن ہو سکے گی۔

## پنجاب انٹرمیڈیٹ سٹیز امپروومنٹ انویسٹمنٹ پروگرام

پنجاب انٹرمیڈیٹ سٹیز امپروومنٹ انویسٹمنٹ پروگرام کے تحت سیالکوٹ اور ساہیوال میں ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے سیکرٹری لوکل گورنمنٹ کی زیر صدارت اجلاس ہوا جس میں سی ای او اربن یونٹ، کمشنر ساہیوال اور ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ نے بذریعہ زوم لنک شرکت کی۔ اجلاس میں ساہیوال سالڈ ویسٹ مینجمنٹ پلانٹ کے بزنس ماڈل کو بہتر بنانے کے بارے میں تبادلہ خیال کیا گیا اور ہدایات کی گئیں کہ کھاد کے معیار میں بہتری کے لیے ایگریکلچر ریسرچ انسٹی ٹیوٹ سے ماہرانہ رائے لی جائے اور مارکیٹ میں فروخت ہونے والی کھاد سے موازنہ کروایا جائے۔











# اب گاؤں چمکیں گے

## پروگرام

دیہی علاقے ہماری معاشرتی، معاشی اور ثقافتی زندگی میں خاص اہمیت کے حامل ہیں اور پنجاب کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے دیہی علاقوں میں شہری طرز پر بلدیاتی سہولیات کی فراہمی کے لیے نگران وزیر اعلیٰ پنجاب سید محسن رضا نقوی نے شرقپور کے گاؤں قلعہ شریف سے 14 اگست 2023 کو تاریخ ساز منصوبے "اب گاؤں چمکیں گے" کا افتتاح کیا، بعدازاں 15 اگست کو تمام اضلاع میں ڈپٹی کمشنرز کی جانب سے منصوبے کا افتتاح کیا گیا۔





اس منصوبے کے تحت محکمہ بلدیات نے بے شمار کامیابیاں سمیٹی ہیں جس میں دیہی علاقوں میں صفائی ستھرائی کے انتظامات بہتر ہونے کے ساتھ ساتھ سینی ٹیشن فیس کی کولیکشن میں خاطر خواہ اضافہ بھی شامل ہے۔ محکمہ بلدیات نے دیہات کی گلیوں و نالیوں کی باقاعدگی سے صفائی، کوڑا کرکٹ ٹھکانے لگانے کیلئے مشینری و عملہ کی فراہمی، مقامی افراد کی شمولیت اور ان سے مشاورت کیلئے ویلیج کمیٹیوں کی تشکیل تک ہر اقدام کیلئے موثر منصوبہ بندی اور وسائل کی فراہمی کو یقینی بنایا ہے مزید براں الیکٹرانک، سوشل اور پرنٹ میڈیا کے موثر استعمال سے دیہی علاقوں میں آگہی دیے جانے کا سلسلہ بھی شروع کیا گیا ہے تاکہ اس بات کا احساس اجاگر کیا جا سکے کہ دیہات کو صاف ستھری، صحت مند اور متحرک طرز زندگی کے لیے سازگار بنانا ہم سب کی اجتماعی ذمہ داری ہے۔







### پروگرام کے اہم مقاصد

- دیہاتوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی
- دیہات میں لوگوں کے معیار زندگی کو بلند کرنا
- روزانہ کی بنیاد پر صفائی کا موثر نظام
- دیہی یونین کونسلز کو با اختیار بنانا

### پروگرام کی اہم خصوصیات

| ہر یونین کونسل میں 3 سینیٹری ورکرز کی بھرتی | کوڑا کرکٹ اٹھانے کے لیے فی یونین کونسل لوڈر رکشہ کی فراہمی |
|---|---|
| ماڈل ویلیجز کا قیام | گھروں اور گلیوں کی نمبرنگ |
| شہروں کی طرز پر کوڑا دانوں کی تنصیب | گلی محلوں سے کوڑا کرکٹ اٹھا کر اس کی محفوظ تلفی |
| گلیوں میں کھڑے پانی کی نکاسی | نالیوں کی صفائی |
| وال چاکنگ کا خاتمہ | خالی پلاٹوں کی صفائی |
| تمام کارروائیوں کی ریئل ٹائم مانیٹرنگ | اب گاؤں چمکیں گے موبائل ایپ کا اجراء |
| مقامی افراد پر ویلیج کمیٹیوں کی تشکیل | ہر تحصیل میں مینجمنٹ کمیٹیوں کی تشکیل |
| ویلیج کمیٹیوں کے باقاعدگی سے اجلاس اور مشاورت | سینیٹیشن فیس کی کولیکشن |
| ڈپٹی کمشنرز کی سرپرستی | مقامی افراد کا تعاون |





پروگرام کو مزید موثر بنانے اور اہداف کے حصول کے لیے ڈائریکٹرز، ڈپٹی ڈائریکٹرز اور اسسٹنٹ ڈائریکٹرز لوکل گورنمنٹس کی ٹریننگ

# منصوبے کی لحہ بہ لحہ مانیٹرنگ

دیہی علاقوں میں صفائی ستھرائی کے انتظامات کو یقینی بنانے کے لیے سیکرٹری بلدیات ڈاکٹر احمد جاوید قاضی لحہ بہ لحہ مانیٹرنگ کر رہے ہیں اس سلسلے میں باقاعدگی سے جائزہ اجلاس کا انعقاد کیا جاتا ہے جس میں تمام ڈویژنز، اضلاع اور تحصیلوں سے ڈائریکٹرز، ڈپٹی ڈائریکٹرز اور اسسٹنٹ ڈائریکٹرز بذریعہ زوم لنک شرکت کرتے ہیں، اجلاس میں تمام افسران کو ذمہ داریاں سونپی جاتی ہیں اور دیے گئے اہداف کا جائزہ لیا جاتا ہے۔






صوبہ بھر میں جاری اس پروگرام کی لحہ بہ لحہ مانیٹرنگ کے لیے ڈی جی بلدیات نے یونین کونسل کی سطح پر دورے کیے۔ ڈی جی بلدیات شجاعت علی نے دیہی یونین کونسل کی سطح پر دورے کرتے ہوئے مینجمنٹ کمیٹیوں اور ویلیج کمیٹیوں سے ملاقات کی۔ اس منفرد منصوبے کو کامیاب بنانے کے لیے تمام مقامی لوگوں کا تعاون حاصل کیا۔ ڈی جی بلدیات شجاعت علی نے گجرات، جہلم، اٹک، چکوال اور بہاولپور کی مختلف دیہی یونین کونسل کا دورہ کیا اور وہاں پر جاری صفائی ستھرائی کے اقدامات کا جائزہ لیا۔





# اب گاؤں چمکیں گے پروگرام کے تحت حاصل کردہ اہداف

| | تاریخ | کل دیہات | دیہی یونین کونسلز | صفائی کی کارروائیاں | سینی ٹیشن فیس وصول | لوڈر رکشوں کی فراہمی | سینیٹری ورکرز کی بھرتیاں | ویلیج کمیٹیوں کی تشکیل |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پہلا مرحلہ | 15-08-23 تا 31-10-23 | 21,519 | 3,225 | 3,650,007 | 4,211,500 روپے | 3,225 | 9,675 | 21,519 |
| دوسرا مرحلہ | 01-11-23 تا 31-12-23 | 21,519 | 3,225 | 5,772,071 | 107,685,400 روپے | 3,225 | 9,675 | 21,519 |
| تیسرا مرحلہ | 01-01-24 تا 01-02-24 | 21,519 | 3,225 | 4,187,654 | 78,305,101 روپے | 3,225 | 9,675 | 21,519 |







# بڑے شہروں میں صفائی کے نظام کو مربوط بنانے کے لیے اہم اقدامات

صفائی ستھرائی اور سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کے سیکٹر میں سروس کی بہتر فراہمی کے لیے آٹھ شہروں لاہور، گوجرانوالہ، فیصل آباد، ملتان، سیالکوٹ، راولپنڈی بہاولپور اور ڈی جی خان میں ویسٹ مینجمنٹ کمپنیاں قائم ہیں۔ یہ کمپنیاں متعلقہ شہروں میں کوڑا کرکٹ تلف کرنے کے لیے بہترین خدمات فراہم کر رہی ہیں۔ صفائی کے نظام کو مزید مربوط بنانے، کمپنیوں کو ترقی اور تحقیق کے شعبہ میں آگے بڑھانے کے لیے ہنرمند اور پیشہ ور افراد کو کمپنیوں میں شامل کیا جا رہا ہے۔ عملے کی حاضری کے لیے IT پر مبنی مانیٹرنگ میکانزم متعارف کروانے کے ساتھ ساتھ مفاد عامہ کے متعدد منصوبے شروع کیے گئے ہیں۔




سیکرٹری لوکل گورنمنٹ اور سپیشل سیکرٹری لوکل گورنمنٹ ویسٹ مینجمنٹ کمپنیوں کے مالیاتی اور انتظامی امور کا جائزہ لے رہے ہیں



## لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی میں جدید عملی اصلاحات

لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی میں جدید عملی اصلاحات، ورکرز کی فلاح و بہبود کا سلسلہ جاری ہے۔ ایل ڈبلیو ایم سی کی جانب سے جاری 2023 کی سالانہ کارکردگی رپورٹ کے مطابق سال 2023 میں شہر بھر سے ایل ڈبلیو ایم سی نے 15 لاکھ 47 ہزار 899 ٹن ویسٹ ٹھکانے لگایا گیا ہے۔ لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی نے لمز یونیورسٹی کے تعاون سے گاڑیوں کی روٹ آپٹیمائزیشن اور ڈیجیٹلائزیشن کے عمل کا آغاز کیا ہے۔ آرٹیفیشل انٹیلیجنس کے استعمال سے ماہانہ تقریباً ڈیڑھ لاکھ سے 2 لاکھ لیٹر فیول کی بچت یقینی بنائی گئی ہے۔ مزید براں ایل ڈبلیو ایم سی کمپوسٹ پلانٹ پر بنائی جانے والی ماحول دوست کھاد یلیا کی فروخت میں 52 فیصد اضافہ ہوا ہے۔

## بہاولپور شہر میں صفائی کے معیار کو بہتر بنانے کیلئے خصوصی آگاہی مہم

بہاولپور شہر میں صفائی کے معیار کو بہتر بنانے، صفائی کے مسائل کی نشاندہی، ان کے حل اور خاص طور پر معاشرتی رویوں میں تبدیلی کے لیے بین الاقوامی ادارے یونیسف پاکستان اور وائیٹ رائس کمیونیکیشن کے اشتراک سے خصوصی مہم کا آغاز کیا گیا ہے جس کے تحت معاشرے میں صفائی جیسے اہم مسئلہ پر قابو پانے کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مل بیٹھ کر کوئی نتیجہ خیز لائحہ عمل مرتب کرنا ہے اس سلسلہ میں گذشتہ دنوں "گل ودھ گئی اے" کے عنوان سے تھیٹر بھی منعقد کیا گیا ہے۔ بہاولپور شہر میں صفائی کی بہتری کے لیے عوامی شراکت داری کو مدنظر رکھتے ہوئے خاص طور پر دکانداروں میں احساس ذمہ داری کو اجاگر کرنے کے لیے "ہر دکان رکھے کوڑا دان" مہم کا بھی آغاز کیا گیا ہے اور شہر کے 10 ہزار دکان مالکان کو پابند بنایا گیا ہے کہ وہ اپنی دکانوں میں کوڑا دان کی موجودگی کو یقینی بنائیں۔





# پنجاب والڈسٹیزاینڈہیریٹیج ایریازاتھارٹی



## لاہور کے تاریخی دروازوں کی بحالی

پنجاب والڈسٹیزاینڈ ہیریٹیج ایریازاتھارٹی لاہور کے 6دروازوں کی بحالی کا کام کررہی ہے جن میں روشنائی گیٹ، بھاٹی گیٹ، لوہاری گیٹ، شیرانوالہ گیٹ، کشمیری گیٹ اور دہلی گیٹ شامل ہیں یہ منصوبہ 72.43 ملین کی لاگت سے شروع کیا گیا جو مارچ 2024 تک مکمل ہوجائے گا ان دروازوں کی بحالی اور تزین وآرائش سے ثقافت کے مختلف رنگ محفوظ ہوں گے اور سیاحت کو فروغ ملے گا۔

## حویلی کھڑک سنگھ کی بحالی



مہاراجہ کھڑک سنگھ کی حویلی قلعہ لاہور کے اندر واقع ہے۔ سکھ دور کی یہ رہائش گاہ مہاراجہ رنجیت سنگھ کے پیارے بیٹے کے لیے بنائی گئی تھی۔ پنجاب والڈسٹیزاینڈ ہیریٹیج ایریازاتھارٹی اس حویلی کی بحالی اوراسے سیاحتی مقام بنانے کے لیے کام کررہی ہے۔ اس منصوبے کے تحت حویلی کی گراؤنڈ فلور کو لائبریری، ریسرچ اور آرکائیو ریکارڈ سنٹر میں تبدیل کیا جارہا ہے۔

## دلکش لاہور

محکمہ بلدیات نے پنجاب والڈسٹی کو چیرنگ کراس سے اولڈ ٹولنگٹن مارکیٹ تک مال روڈ کی تزین وآرائش کا کام سونپا ہے۔ چیرنگ کراس سے اولڈ ٹولنگٹن مارکیٹ تک پھیلے ہوئے اس منصوبے کی لاگت 487.7 ملین روپے ہے، منصوبے کا پہلا مرحلہ کامیابی سے جاری ہے۔ جس میں تفریحی مقامات، عوامی اجتماعات کے لیے جگہوں، بیٹھنے کے انتظامات، برقی ڈھانچے اور روایتی سرگرمیوں کی ترقی پر توجہ دی جارہی ہے۔ دلکش لاہور پراجیکٹ میں مال روڈ کے ساتھ ساتھ عمارتوں کی تزئین وآرائش بھی شامل ہے۔








## دیکھ اندرون لاہور



پنجاب والڈسٹیزاینڈ ہیریٹیج ایریازاتھارٹی کی جانب سے ہر ہفتہ اور اتوار کو دیکھ اندرون لاہور کے نام سے پرانے لاہور کے ایک روزہ دورے کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ پرانے لاہور کے حسن کو اجاگر کرنے کے لیے اس منصوبے کے تحت ایک ثقافتی واک کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ اس گائیڈ ٹور میں سیاح اندرون لاہور کے مختلف مقامات کو ٹورسٹ گائیڈز کے ساتھ دیکھتے ہیں۔ سیاح شاہی حمام، بھنگل والی گلی، اکبری منڈی، تنگ بازار، گلی سرجن سنگھ، حویلی میاں سلطان، چٹا گیٹ، دینا ناتھ کنواں، پاکستان کا تھا مارکیٹ، اعظم کلاتھ مارکیٹ، وزیر خان مسجد، چوک وزیر خان، اور کرافٹ گھر جاتے ہیں۔ اس ٹور میں ڈھول اور دھمال، ڈانکا اور بگل پرفارمنس، ہارمونیم اور طبلہ، ہیر گوئی اور بندر شو دیکھنے کے علاوہ سیاحوں کو مقامی کھانے جیسے لسی، حلیم، مربہ، نان خطائی اور بہت کچھ چکھنے کا موقع ملتا ہے۔



# ایک نظر... سوشل میڈیا پر































